# اغوا ھونے والی طالبہ جسے پولیس تاحال برآمد نہ کرسکی


**این اے طاھر بھٹی راجپوت**

اگیزیکٹوایڈیٹر کرائم نیوز کراچی کی رپورٹ


یونیورسل ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کو اپنے مسائل/ شکایات درج کروانے کیلئے وزٹ کریں

**www.uhrcpk.org**

## درندہ صفت جرائم پیشہ افراد جن کو تلاش کرنا مشکل کام نھیں، قانون اندھا ھے یا پھر قانون نافذ کرنے والے؟

معاشرے میں ہوا کی بیٹی کی تذلیل/ اغوا کا واقعہ کچھ یوں ہے کہ 5 جون 2011 "The Citizen Foundation TCF" سیکنڈری اسکول ریجن ساؤتھ ویسٹ کی جماعت نہم کی طالبہ شہزادی بنت عبدالکریم (والد) کے بیان مطابق ملزمان عمران ولد مراد غلام عباس، غلام عباس، غلام مصطفٰے، غلام حسین، سلیم مٹھو و دیگران دن دہاڑے اسکول سے چھٹی کے وقت اغوا کرلیا گیا۔ لڑکی کا والد جو کہ محنت مزدوری کرتا ہے نے پولیس اسٹیشن سرجانی ٹاؤن کراچی میں FIR نمبر 299 زیر دفعہ 365-B (حقوق نسواں ایکٹ) درج کرائی۔ مگر تاحال کچھ زیادہ پیش رفت شاید نہیں ہوسکی۔

لڑکی کے والد نے یونیورسل ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (www.uhrcpk.org) کو بھی ایک درخواست دی گئی ہے تاکہ عزت مآب صدر پاکستان تک میری فریاد پہنچائی جائے۔

لڑکی کے والد کے مطابق انہوں نے TCO گرلز اسکول خدا کی بستی کی ہیڈ مسٹریس کو لڑکی کی والدہ نے خاص طور پر درخواست کی ہوئی تھی کہ جب تک میں اپنی بچی کو اسکول لینے خود آتی ہوں/ آتی رہوں گی۔ جب تک میں اپنی بچی کو لینے نہ آؤں تو اس کو جانے نہ دیا جائے۔ مگر جب بچی کی والدہ




**5 جون 2011 کو اسکول سے اغوا ھونی والی طالبہ شھزادی کی تصویر - حکومتی اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان**




5 جون 2011 سے اغوا ہونے والی طالبہ شہزادی کا والد عبدالکریم جو بیٹی کی شکل دیکھنے کیلئے غم سے نڈھال

اسکول کی چھٹی سے 10 منٹ پہلے ہی اسکول پہنچ جاتی ہوں۔ وقوعہ کہ روز



# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کراچی

داخلہ فارم برائے سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ امتحان حصہ اول (درجہ نہم) سالانہ 2011ء

RS-I

(ریگولر سائنس گروپ)

اپنے اسکول کا کوڈ نمبر لکھیے: G-36/103

رول نمبر (بورڈ اندراج کریگا): 155892

Admit Card اجازت نامہ داخلہ

(اصل سند کے حصول تک یہ حصہ امیدوار کے پاس رہے گا)

انرولمنٹ نمبر امیدوار خود لکھے

امیدوار کا نام (اردو میں): شہزادی عبدالکریم

والد کا نام (اردو میں): عبدالکریم

CANDIDATE'S NAME: (in block letters) SHAHZADI-ABDULKARIM

FATHER'S NAME: (in block letters) ABDULKARIM

تاریخ پیدائش: تاریخ 01 ماہ 01 سال 1996

الفاظ میں: ایک جنوری ایک ہزار نو سو چھیانوے عیسوی

(1) سندھی سلیس (2) انگریزی لازمی پرچہ اول

(3) مطالعہ پاکستان (4) کیمیا نظری و عملی (5) حیاتیات نظری و عملی (حیاتیات یا کمپیوٹر اسٹڈیز)

دستخط امیدوار: SHAHZADI

دستخط صدر مدرسہ و مہر: PRINCIPAL T. C. F. SECONDARY SCHOOL KKB-IV Al-Muhaimin Campus

پڑتال کنندہ بورڈ


ناظم امتحانات

مذکورہ بالا امیدوار کو سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ حصہ اول جماعت نہم برائے امتحان 2011ء میں شرکت کی اجازت دی جاتی ہے۔

**اسکول سے اغوا ہونے والی طالبہ شہزادی بنت عبدالکریم کے ایڈمٹ بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کراچی کا عکس**

حسب معمول بچی کی والدہ بیٹی کو لینے اسکول پہنچی تو ہیڈ مسٹریس صاحبہ نے بتایا کہ آپ کی بیٹی چلی گئی۔ لڑکی کی والدہ نے احتجاج کیا کہ آپ کو درخواست کی گئی تھی کہ میرے (ماں) کہ آنے تک بچی کو نہ جانے دیا جائے۔ اس پر میڈم نے شدید سے شدید جملے استعمال کئے اور نازیبا کلمات استعمال کئے۔ میری بیوی یہ سن کر واپس آئی اور میری بیوی بیٹی کا انتظار کرتی رہی۔ مگر تلاش کہ باوجود ہماری بیٹی نہ ملی۔ ہم نے تمام رشتے داروں سے کراچی میں تلاش کیا۔ پنجاب میں بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کیا۔ مگر کوئی تسلی بخش جواب موصول نہ ہوا۔ دوسرے دن شام 4

بجے ملزم غلام عباس نے مدعی سے رابطہ کیا کہ فکر نہ کرو۔ تمہاری بیٹی تم کو مل جائے گی مگر اس کے باوجود میری بیٹی کا سراغ نہ ملا۔ میں بیٹی کی تلاش میں



THE CITIZENS FOUNDATION

**Certificate of Merit**

*This certificate is awarded to* SHAZADI

*of Class* VIII-A *of* KKB IV (AL-Muhaimin Campus) Sec

*for* PAINTING

Principal: Naheed, PRINCIPAL T. C. F. SECONDARY SCHOOL KKB-IV Al-Muhaimin Campus

Date: 24-11-2010



اغوا ہونے والی طالبہ شہزادی اپنی اسکول کی دیگر طالبات کے ساتھ

پنجاب گیا۔ واپسی پر میں نے غلام عباس و دیگران کے خلاف مذکورہ FIR کٹوائی ...... پولیس نے صرف غلام عباس کو گرفتار کیا۔ دیگر ملزموں سے حلف لکھا کر کے چھوڑ دیا۔ دیگر ملزمان نے میرا پتہ مسز عشرت ندیم کو دیا۔ (جس نے اپنا تعارف مقامی اخبار کی کرائم انویسٹی گیٹر کے طور پر کرایا) اس نے مدعی کو بلایا۔ مبلغ دو لاکھ طلب کئے کہ تمہاری بیٹی کو حاصل کرنا ہے تو یہ رقم دینی ہوگی۔ میں نے لوگوں سے قرض لیکر مسماۃ عشرت ندیم سربراہ و سرپرست اصغری میموریل ویلفیر ایسوسی ایشن کو دی۔ میں نے اور میرے سالے نے ممبر بننے کے لئے مبلغ Rs.5000/- ہزار الگ الگ لئے (جب کہ ہم دونوں میں اور میرا سالا متعلقہ ویلفیئر ایسوسی ایشن کا اسٹاف ہے ہی نہیں) مگر تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے ہم بے خبر رہے، ہمیں تو بتایا گیا کہ یہ کارڈ دکھانے سے آپ لوگوں کو پولیس چیک نہیں کرے گی۔ میری ارباب اختیار سے گذارش ہے کہ میری اور میرے سالے سے لوٹی ہوئی رقم واپس دلائی جائے۔

میں نے میرے عزیزوں نے ہر جگہ اپنی بیٹی کو تلاش کیا۔ پر حکومتی و غیر حکومتی اداروں کو مختلف اوقات میں درخواستیں دیں۔ تمام میڈیا چینل میں بھی گیا۔ **ARY** نے اس سلسلے میں میرا پیغام نشر بھی کیا مگر اس کے باوجود بھی کوئی سنوائی نہیں ہوئی۔ **CPLC** احمد چنائے کو خود ملاقات کرنے پر تمام حالات اور واقعات بتلائے استدعا کی۔ درخواست کی کہ ملزمان مذکورہ کو گرفتار کریں۔ مگر انہوں نے بھی اپنا کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ میری عزت مآب صدر



THE CITIZENS FOUNDATION

**Certificate of Merit**

*This certificate is awarded to* SHAZADI

*of Class* VIII·A *of* KKB IV (AL-Muhaimin Campus) Sec

*for* PAINTING

Naheed
PRINCIPAL
T.C.F. SECONDARY SCHOOL
KKB-IV Al-Muhaimin Campus

**Principal**

24-11-2010
**Date**

پاکستان جناب آصف علی زرداری اور دیگر ماتحت حکومتی اداروں کے سربراہان



اغواہونے والی طالبہ شہزادی کا ماموجو بھانجی کوتلاش کرتے کرتے نیم پاگل ہوگیا ہے

میری دادرسی کریں۔ دیگر بھی درخواستیں دی مگر کوئی سنوائی نہیں ہوئی CPLC کی طرف سے ٹیلی فون آیا۔ کہ کچھ کرتے ہیں۔ مگر اب مسلسل خاموشی ہے۔ دل خون کہ آنسو روتا ہے کہ ہم کیسے مسلمان ہیں۔ نہ ہمیں احساس جرم ہے اور نہ ہی شرم و احیاء۔ ہمارے قول وفعل میں شدید اختلاف ہے۔ خودکشی اسلام میں حرام نہ ہوتی تو خود بھی کرلیتا اور بیوی کو بھی مار دیتا۔ مگر میں ایک مسلمان شخص ہوں۔ میرے دوسرے بچے بھی ہیں۔ جو چھوٹے ہیں۔ جس کی وجہ سے میں اور میرے گھر والے شدید پریشانی و مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ میں ایک بے روزگار شخص ہوگیا ہوں۔ میری بیوی بیٹی کہ غم میں شدید بیمار ہوگئی ہے۔ میں ایک مجبور شخص ہوں۔ میرا کوئی ہرسان نے حال نہیں۔ کوئی میری سنوائی نہیں ہے۔ میں کیا کروں۔ اس سلسلے میں میری ملاقات کرائم نیوز کہ ایگزیکیٹو ایڈیٹر سے ہوئی۔ ان کو میں نے تمام احوال سے آگاہ کیا تو انہوں نے میری مدد کرنے کی حامی بھری۔ اور مجھ سے تمام کاروائی جواب تک ہوئی ہے۔ لکھ دینے کا کہا لہٰذا ساری تفصیل لکھ کر دی ہے۔ تاکہ کسی طرح بھی میری بیٹی کی بازیابی ممکن ہوسکے۔

**خودکشی اسلام میں حرام نہ ہوتی تو خود بھی کرلیتا**

لہٰذا ارباب اختیار سے گذارش ہے کہ اس سلسلے میں مناسب کاروائی کرکے میری بیٹی کو بازیاب کروا کر مجھ باپ پر رحم کریں۔


# یونیورسل ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان

انسانی حقوق سے متعلق اپنے مسائل/ شکایات درج کروانے کیلئے

**Principal Office:**

**Suite # 04-C, Mezzanine floor, Shalimar Height, Near N.E.D University, Main University Road, Karachi-75270**

**Tel: 34801313 Fax: 34968472, Email: uhrcp.pk@gmail.com**

**URL: www.uhrcpk.org**